# 11789-کیا ننگی اور فحش تصاویر والے کمپیوٹر کی مرمت کردے

## سوال

ہم کمپیوٹر ورکشاپ میں آلات مرمت کرنے کا کام کرتے ہیں، ہمارے پاس ایک کمپیوٹر مرمت کے لیے آیا تو اسے چیک کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ تو ننگی اور فحش تصاویر سے بھرا ہوا ہے، کیا ہم اس کی مرمت کرنے سے انکار کردیں، یا کہ کمپیوٹر مرمت کردیں اور یہ تصاویر مٹا دیں اور مالک کو وعظ و نصیحت کریں ؟

## پسندیدہ جواب

میں نے یہ سوال اپنے استاد اور شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا :

میری رائے یہ ہے کہ وہ اس شخص کو کہیں کہ ہم اس کی مرمت نہیں کرینگے، کیونکہ اگر انہوں نے اس کی مرمت کردی اور تصاویر بھی مٹا دیں، تو وہ اور نئی اشیاء رکھ لے گا، لہذا وہ اس کی مرمت ہی نہ کریں.

واللہ اعلم.